Vol. VI
No. 18

S.P. VI-18-75 (E)
300

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Friday, December 5, 1975**

**CONTENTS**

PAGES

Resolution Re : Compulsory education up to fifth standard—*Deferred* ... ... ... ... ... ... 93

Resolution Re : Shifting of Transit Godowns from Peshawar to Landi Kotal Railway Station—*Deferred* ... ... ... 94

Resolution Re : Strengthening of research in development aspects of the arid Zones and barani areas—*Deferred* ... ... 95

Resolution Re : Top priority by WAPDA to control water-logging and salinity in District Jacobabad—*Deferred* ... 97

Resolution Re : Commission to study feasibility of utilization of run-off water in plains and valleys—*Deferred* ... 101

Resolution Re : Extensive study to determine relative backwardness of each district for removal of disparities—*Deferred* ... ... 102

PRINTED AT SHAN ELECTRIC PRESS, CHURCH ROAD, OLD ANARKALI, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price* : *Paisa* 50

# SENATE DEBATES
# SENATE OF PAKISTAN

---

**Friday, December 5, 1975**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at eleven of the clock in the morning, Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmad Waheed Akhtar) in the Chair.

---

(*Recitation from the Holy Qur'an*)

---

## RESOLUTION RE-COMPULSORY EDUCATION UP TO FIFTH STANDARD

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** صدیقی صاحب ! آپ کے ریزولوشن پہ گفتگو ہو رہی تھی - لیکن متعلقہ وزیر صاحب آج بھی نہیں ہیں تو آپ کیا چاہیں گے ، اس پہ گفتگو جاری رہے یا اسے ڈیفر کر دیا جائے ؟

**جناب غلام رسول اے صدیقی :** جیسے ہاؤس کی رائے ہو -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** اگر آپ چاہیں تو ڈیفر بھی ہو سکتی ہے اور اگر آپ چاہیں تو منسٹر صاحب کی اس ہاؤس کے سامنے بیان کردہ صورت حال کے بعد اگر آپ پریس نہ کریں تو وہ بھی ہو سکتا ہے -

**جناب غلام رسول اے صدیقی :** جہاں تک پریس کرنے کی بات ہے ، میں پریس تو ضرور کرونگا -

**ایک معزز ممبر :** جناب صدیقی صاحب نے ابھی فرمایا تھا - کہ جیسے ہاؤس کی رائے ہو تو ہاؤس کی رائے تو یہی ہے کہ اسے ڈیفر کر دیا جائے -

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, I have a submission. Sir, there are a number of resolutions and, I think, on Private Members Day the Minister concerned ought to be present in view of the discussion not only on Siddiqui Sahib's resolution but because of so many other very important resolutions. I think, these should be given better treatment, and the Ministers should be here.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میں آپ سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ متعلقہ وزراء صاحبان کو یہاں موجود ہونا چاہیے لیکن بعض اوقات وہ ناگزیر وجوہ کی بنا پہ تشریف نہیں لا سکتے- جہاں تک اس ریزولوشن کا تعلق ہے اس پر متعلقہ وزیر صاحب نے گورنمنٹ کی طرف سے کچھ مشکلات کا اظہار فرمایا تھا تو اب اسے اگلی سٹنگ

تک ڈیفر کر دیا جائے یا اسے یقین دہانی کے بعد واپس لیا جائے یا صدیقی صاحب یہ چاہتے ہیں کہ اسے مزید پریس کیا جائے ؟

جناب غلام رسول اے صدیقی : وزیر صاحب موجود ہونے چاہئیں ۔

Let it be deferred, Sir.

جناب مسعود احمد خان : جناب ! آپ نے فرمایا ہے ۔ کہ اگر تسلی دلائی جائے یقین دہانی کرائی جائے تو پھر واپس لی جاسکتی ہے ۔ متعلقہ وزیر صاحب تو موجود نہیں ہیں پھر کون یقین دہانی کرائے گا ؟ assurance تو بہت ہوتی ہے جب بحث ہو چکی ہو ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : دوستوں نے اس پہ اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تھا اور جناب پیرزادہ صاحب نے یہاں کچھ مشکلات سے آگاہ کیا تھا اب صورت حال یہ ہے کہ اگر آپ چاہیں تو اسے ڈیفر کر دیتے ہیں تا کہ متعلقہ منسٹر صاحب بھی موجود ہوں تو جہاں تک item No. 2 کا تعلق ہے یہ اگلی سٹنگ تک ڈیفر ہوئی ۔ اب Item No. 3.

---

## RESOLUTION RE-SHIFTING OF TRANSIT GODOWNS FROM PESHAWAR TO LANDI KOTAL RAILWAY STATION

ملک محمد اختر (وزیر مملکت برائے پالیمانی امور) : اسے بھی ڈیفر کریں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ ڈیفر تو اس وقت ہو گی جب موو کر لیں ۔ موو کرنے سے پہلے کیسے defer کر دیں ؟

ملک محمد اختر : یہ میری request ہے ۔ کہ نمبر ۳ موو ہی نہ کی جائے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اگر رول میں کوئی ایسی بات ہو تو ۔

ملک محمد اختر : اگر رولز کہتے ہیں تو موو کر دیں ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : پوزیشن تو یہ ہے ۔ کہ وہ موو کر دیں ۔ اس کے بعد ہم اسے ڈیفر کر دیتے ہے ۔

**Malik Mohammad Sharif :** Mr. Chairman, Sir, I beg to move my resolution before this august House with your permission and it reads :

> "The Senate is of the opinion that the TRANSIT Godowns be Shifted to Landi Kotal Railway Station from Peshawar City and Cantonment with immediate effect because Peshawar Railway Stations (City and Cantt.) lie in the Centre of the City and daily hundreds of Afghanistan's trucks create traffic congestion and cause damage to roads."

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister of State for Parliamentary Affairs) : Sir, I request that . . . .

**Mr. Presiding Officer** : The resolution moved is that :

> "The Senate is of the opinion that the TRANSIT Godowns be shifted to Landi Kotal Railway Station from Peshawar City and Cantonment with immediate effect because Peshawar Railway Stations (City and Cantt.) lie in the Centre of the City and daily hundreds of Afghanistan's trucks create traffic congestion and cause damage to roads"

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** مجھے متعلقہ منسٹر صاحب کی طرف سے یہ request آئی ہے کہ وہ آج کسی ناگزیر کام کی وجہ سے تشریف نہیں لا سکتے اس لیے اسے اگلی سٹنگ تک ڈیفر کر دیا جائے تو اسے ڈیفر کر دیتے ہیں ۔ جب وہ موجود ہونگے تو اس پر غور ہوگا ۔

**Malik Mohammad Sharif** : Quite right, Sir, I agree.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** تو دوسرا ریزولوشن ملک شریف صاحب کا بھی ڈیفر ہوا اب ایٹم نمبر ۴ لغاری صاحب !

---

## RESOLUTION RE-STRENGTHENING OF RESEARCH IN DEVELOPMENT ASPECTS OF THE ARID ZONES AND BARANI AREAS

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** میرے وزیر صاحب تو موجود ہیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** پہلے آپ موو تو کریں پھر دیکھیں گے ۔

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari** : Mr. Chairman, I beg to move with the permission of the Chair and of the House the following resolution :

> "The Senate is of the opinion that the Government should take immediate steps to strengthen research in the development aspects of the arid zones and barani areas of the country".

**Mr. Presiding Officer** : The resolution moved is :

> "The Senate is of the opinion that the Government should take immediate steps to strengthen research in the development aspects of the arid zones and barani areas of the country."

فاروق صاحب ! آپ اس ریزولوشن پر کچھ فرمائیں گے ؟

**Shaikh Mohammad Rashid** (Minister for Food and Agriculture) : Sir, I beg to request that I am needed there to say something on the Bill which is now being discussed in the National Assembly, and if you allow me only for 15 minutes, I will be back, and if it is not possible, then this should also be deferred, because a very urgent Bill is going to be discussed there, and I am needed there.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** جی ، فاروق صاحب !

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari :** Well, personally, I don't mind if Sheikh Sahib wants to go to the other House. If the Senate so permits, we can discuss it.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شیخ صاحب ! وہ تو اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ آپ کی گفتگو کے بعد وہ پریس نہ کریں تو بات ختم ہو جائے گی ۔

**Shaikh Mohammad Rashid :** I think, it will not be proper that the honourable Member says something in my absense because I would not be able to reply.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** لغاری صاحب ! پہلے شیخ صاحب بات کر لیں پھر آپ ۔

**Shaikh Mohammad Rashid :** The question is that I have to satisfy the House and the honourable Member that these measures have already been taken. So, I also want to listen to them. I have to satisfy them, and it is the duty which heavily falls upon me. But I only require time. I only requested that these two resolutions should be deferred so that I may be available there.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** تو لغاری صاحب ! میں سمجھ رہا تھا کہ شیخ صاحب کی گفتگو کے بعد آپ پریس نہیں کریں گے لیکن وہ چاہتے ہیں ، کہ ڈیفر کر دیں کیونکہ انہیں نیشنل اسمبلی میں جانا ہے ۔

**Shaikh Mohammad Rashid :** I am sure that I will be able to satisfy the honourable Members on the next occasion.

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari :** Sir, we would also like Shaikh Sahib to hear our point of view.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** تو میرے خیال میں اس ریزولوشن پہ گفتگو تب ہی مؤثر ہو سکتی ہے اگر اسے اگلی سٹنگ پہ رکھ لیں ۔

**شیخ محمد رشید :** دونوں ایک ہی آنریبل ممبر کے ہیں اس لیے دونوں ایک ہی دن رکھ لیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** نمبر ۴ اور نمبر ۶ تو ٹھیک ہے لغاری صاحب ؟

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** مجھے موو ہی نہیں کرنے دیتے ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** لغاری صاحب ! جب نمبر ۴ ڈیفر ہو جائے گا تو پھر نمبر ۵ موو کر دیں گے پھر اسے بھی ڈیفر کر دیتے ہیں ۔ ۔ ۔

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** میرا خیال ہے نمبر ۶ بھی شیخ صاحب سے متعلق ہے ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** لیکن جب تک ہم اس ریزولوشن کے مقدر کا فیصلہ نہ کریں ہم دوسرے ریزولوشن پر بحث نہیں کر سکتے ۔ پہلے تو ہم نمبر ۴ کو ڈیفر کرتے ہیں ۔

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** مجھے کوئی ابجکشن نہیں ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** تو یہ جو ریزولوشن لغاری صاحب کا ہے ڈیفر ہوا -

---

## RESOLUTION RE-TOP PRIORITY BY WAPDA TO CONTROL WATER-LOGGING AND SALINITY IN DISTRICT JACOBABAD

**Mr. Presiding Officer :** Now, the next. It relates to the Ministry of Fuel, Power and Natural Resources.

اس پر آ جاتے ہیں اسے بھی دیکھ لیتے ہیں -

**Shaikh Mohammad Rashid :** The honourable Member was saying that No. 6 is concerned to my Ministry. That is not the position. No. 5 and No. 7 are concerned with me.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** تو میرے خیال میں نمبر پانچ جو ہے اس کو بعد میں دیکھ لیتے ہیں - کھوسو صاحب کے ریزولوشن پر ممکن ہے کہ گفتگو ہو سکے تو نمبر چار بھی ڈیفر ہوا - اب ہے نمبر چھ فاروق احمد لغاری صاحب کا یہ شاید منسٹری آف ایگری کلچر سے متعلق ہے - اس میں آپ کا کیا خیال ہے ؟

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** یہ تو منسٹری ہی بتا سکتی ہے کہ کس سے متعلق ہے - میرے خیال میں اسی سے اس کا تعلق ہے -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** ملک صاحب تشریف رکھتے تھے -

**سردار محمد اسلم :** رکھتے تھے ، اب نہیں ہیں -

**Shaikh Mohammad Rashid :** Sir, it is very clear that it relates either to the Ministry of Fuel, Power and Natural Resources or to the Ministry of Tribal Areas. That is different kind of thing. You kindly see that so far as water-logging and salinity is concerned, the Agriculture Ministry is very much in picture but it is the exclusive concern of the Minister for Fuel, Power and Natural Resources. Similarly, we say that the Ministry of Agriculture is connected in some way or the other but it is not the subject of this Ministry, but Ministry of Fuel, Power and Natural Resources or Tribal Areas.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شیخ صاحب ہماری مشکل یہ ہے کہ جو سات ریزولوشن ہمارے سامنے ہیں ان سے متعلقہ وزراء صاحبان تشریف نہیں رکھتے اور جب تک ہم انہیں موو نہ کریں اور ڈیفر نہ کریں ہم آگے نہیں بڑھ سکتے - ملک صاحب یہاں تشریف فرما تھے ، وہ بھی اب تشریف فرما نہیں ہیں کہ وہ بتا سکیں کہ ان کے پاس کوئی بریف ہے وہ چاہتے ہیں کہ کسی ریزولوشن پر بات کی جائے یا اس ریزولوشن کو ڈیفر کیا جائے یا اس پر گورنمنٹ کا اسٹینڈ کیا ہے -

**Mr. Farooq Ahmad Leghari :** Mr. Chairman, I don't think it is not necessary for the Ministers to be present in order for us to move the resolution. They ought to be present here and it is a bad state of affairs that the Ministers are not present here when the resolutions are moved on a Private Members Day.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : لغاری صاحب میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ یہ ضروری ہے کہ متعلقہ وزراء صاحبان ہاؤس میں موجود ہوں تا کہ وہ یہ جان سکیں کہ مختلف مسائل سے متعلق اس معزز ایوان کے اراکین کی کیا خواہشات ہے اور وہ کس پوزیشن میں ہیں ۔ اب جب کہ وہ ہاؤس میں موجود نہیں ہیں تو تمام گفتگو اس لحاظ سے بے اثر ہوگی اور جو بھی دوست اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کریں گے تو وہ فوری طور پر من و عن متعلقہ محکمہ تک شاید نہ پہنچ سکیں ۔ اس لیے میں چاہتا تھا کہ جب دوست اظہار خیال فرما رہے ہوں تو یا تو متعلقہ وزیر صاحب ہوں یا کوئی اور وزیر صاحب موجود ہوں جنہیں issues سے متعلق معلومات ہوں یا بریف کیا گیا ہو اور وہ صورتحال بتا سکتے ہوں ۔ بہر صورت ریزولوشن نمبر چار ڈیفر ہو چکا ہے ۔ میں چاہتا تھا کہ پانچویں پر ہی گفتگو ہو سکے ، لیکن دیکھتے ہیں کہ اس پر کیا ہوتا ہے تو کھوسو صاحب پانچواں ریزولوشن موو کریں ۔

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Chairman Sir, with your permission, I beg to move my resolution.

> "This House is of the opinion that District Jacobabad be given top priority by the "WAPDA" in the "SCARP" programme to control water-logging and salinity on an emergency basis."

**Mr. Presiding Officer :** The resolution moved is that :

> "This House is of the opinion that District Jacobabad be given top priority by the "WAPDA" in the "SCARP" programme to control water-logging and salinity on an emergency basis."

**Shaikh Mohammad Rashid :** The honourable Minister is now engaged and busy in the National Assembly as his Bill is being discussed, therefore, he has made a request through me that I may convey to the honourable Chair that this should also be deferred because he is very busy there, otherwise we have all the replies to submit in this House. Now, kindly see, Sir, that I am urgently required in N.A. to give my views but I am here in deference to the wishes of our honourable Members. So, he is busy there.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : تو اب یہ وزیر صاحب جو ہیں وہ نیشنل اسمبلی میں ، جو کہ اسی پارلیمنٹ کا ایک حصہ ہے ، مصروف ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ شیخ صاحب کی درخواست کے بعد اس کو ڈیفر کر دیتے ہیں ۔ کھوسو صاحب آپ بھی چاہیں گے کہ کوئی مثبت یقین دھانی آپ کو ملے ؟

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, I have just to make a submission and that is that in that case Siddiqui Sahib's resolution be taken up we have single day in a week, Sir, and that is the Private Members Day. There should be some sort of adjustments between the National Assembly and the Senate. The honourable Minister of Law he is here. There should be some sort of working adjustment, Sir, so that the Ministers should be present here when we are discussing our resolutions. Our resolutions are very important. They are of national character. I don't mind if resolutions are being deferred. Certainly, I would like the resolution to be deferred because the Minister concerned is not here, and I want definite and categorical assurance from the

Minister given to this House in respect of all the resolutions including mine, Sir. If they are present here and then hear us, they will have our viewpoint and then they will be in a position to give us a definite reply. So, I think, I don't mind, Sir, I have to make this statement on a Private Members Day. It should be made incumbent on the Ministers to be present on that Day.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کھوسو صاحب ! جیسا کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ انہیں اس بات کا احساس ہے اور وہ اس ہاؤس کے احساسات متعلقہ وزراء تک پہنچا دیں گے اور لیڈر آف دی ہاؤس بھی پہنچا دیں گے تو مجھے یقین ہے کہ آئندہ یہ صورت حال نہیں ہوگی ۔

**Shaikh Mohammad Rashid** : Sir, it is not possible, unless the timings are quite different. Now, if this business is taken, for instance, after the Juma prayers then it is possible to say, that there will be no clash because the National Assembly is sitting in the morning on Fridays and here Friday is the Private Members Day. Therefore, if this business is taken after Juma prayers then, of course, it is possible for the Ministers to be here, and then if we are not here we are to be blamed.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شیخ صاحب اس میں ہمارے ممبران کی کچھ مشکلات ہیں ۔ جمعہ کے بعد دو دن کی چھٹی ہوتی ہے ممبر صاحبان کو گھروں میں جانا ہوتا ہے ۔ بہر صورت یہ بات ہے کہ دو منسٹر تو آ سکتے ہیں ۔ سردار صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں ؟

**سردار محمد اسلم :** میں جناب والا ! یہ عرض کرنا چا رہا تھا کہ ٹھیک ہے کہ وزراء صاحبان کی عدم موجودگی کی وجہ سے ریزولوشن ڈیفر کیئے جا رہے ہیں ۔ ممبران چاہتے ہیں کہ منسٹر صاحبان آئیں اور ریزولوشن پر جو کچھ بھی ہو وہ assurance دے دیں اور ریزولوشن ڈراپ ہو جائے ۔ جناب والا ! سب ہی ریزولوشن نیشنل امپارٹنس کے ریزولوشن ہیں جیسا کہ سکارپ کا انہوں نے دیا اور پھر یہ لغاری صاحب کا یہ تمام سیر حاصل بحث کے حامل ہیں اور بہتر یہ ہے کہ full discussion کے بعد منسٹر جواب دیں یہ ٹھیک ہے کہ گورنمنٹ کی کچھ مشکلات ہیں ، لیکن صرف ریزولوشن put کر کے متعلقہ وزیر صاحب کا انتظار کرنا بے فائدہ ہوگا ۔ کسی نے ریزولوشن put کیا ہے تو اس کا مقصد کیا ہے ؟ اس کے بغیر ڈیفر کرنا بے معانی ہے ۔ جب تک کہ مکمل بحث نہ ہو مقصد پورا نہیں ہو سکتا ۔

دوسری میری عرض یہ ہے کہ آج خوش قسمتی سے ہمارے پاس نہ صرف وزیر زراعت موجود ہیں بلکہ وہ نیشنل اسمبلی میں ڈپٹی لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہیں ۔ میں انہیں ڈپٹی لیڈر آف دی ہاؤس کی حیثیت سے عرض کروں گا کہ تمام متعلقہ وزراء جو ہیں ، یہاں آ کر سینٹ میں کہہ دیتے ہیں کہ چونکہ ہم نے کورم پورا کرنا ہے اس لیے ہم نیشنل اسمبلی میں جا رہے ہیں یا تو پھر سینٹ کے ممبر حضرات جو ہیں وہ صرف وہی ریزولوشن پیش کیا کریں جو کہ سینٹ کے وزراء سے متعلق ہوں تا کہ ہمارا بھی کورم پورا ہو ۔ جناب والا ! ریزولوشن جو ہم پیش کرتے ہیں وہ

[Sardar Mohammad Aslam]

نیشنل امپارٹنس کے ہوتے ہیں ۔ اگر متعلقہ وزراء ان ریزولوشن کی اہمیت کا احساس کریں تو وہ نیشنل اسمبلی سے پندرہ بیس منٹ یا آدھ گھنٹہ نکال کر اس ہاؤس میں آ سکتے ہیں ۔ ان کے جوابات دے سکتے ہیں ۔ جناب وہ دورے وغیرہ پر ہوں یا نیشنل اسمبلی کا کام ہو تو ٹھیک ہے ان کی غیر حاضری گوارا ہو سکتی ہے لیکن یہ جواز کہ نیشنل اسمبلی کا کورم نہیں ہے اس لیے متعلقہ وزراء صاحبان نیشنل اسمبلی میں بیٹھے ہیں اور ریزولوشنز جناب اس لیے defer کیے جائیں کہ وزیر متعلقہ نیشنل اسمبلی کا کورم پورا کر رہے ہیں تو یہ ہاؤس کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہو گی ۔ یہ جو پرائیویٹ ممبرز ڈے ایک ہفتے میں ایک دن ہوتا ہے ۔ اور اس سیشن کے دوران جتنے جمعے آئے ہیں آپ ان کی کارروائی دیکھیں ۔ ایک جمعہ پر جناب عبدالحفیظ پیرزادہ صاحب نے جواب دیا تھا باقی متعلقہ وزیر غیر حاضر تھے اور ان کی طرف سے ملک محمد اختر صاحب جو ہمارے پاس omnipotent وزیر ہیں وہ جواب دیتے رہے کہ جناب وہ نیشنل اسمبلی گئے ہیں اور اس لیے ان کو ڈیفر کیا جائے ۔ جناب اتنے important resolutions آ رہے ہیں ان میں کم از کم گورنمنٹ کا point of view تو دیا جائے ۔ اسی سکارپ کا جو question آیا تھا اس پر پتہ نہیں دس پندرہ لاکھ کے ٹیوب ویلوں کا جھگڑا تھا جس کا جمالی صاحب نے جواب دیا اس پر in detail discussion ہو ۔ اب اگر خٹک صاحب یہاں آئیں گے اور ہمیں assurance دے دیں تو

It does not mean that the purpose of resolution has been fulfilled.

جب تک کہ ریزولوشن موو کرنے والا آدمی detailed discussion نہ کرے اور ہاؤس کو یہ نہ بتائے کہ اس کا مقصد کیا ہے اور وزیر متعلقہ جواب دیں کہ گورنمنٹ کا point of view کیا ہے اس وقت تک یہ really بڑی sad state of affairs ہے جناب کہ وزیر صاحب آپ نیشنل اسمبلی میں موجود ہوں ۔ اگر کسی ٹور پر ہوں اور اگر وزراء صاحبان سینیٹ کے سیشن کے دوران جو ٹور کرتے ہیں ۔ unless the tour is important from the national point of view simply کسی میٹنگ کو attend کرنا یا کسی جگہ جا کر سیشن کو چھوڑ دینا it is too much Sir اور اس ہاؤس میں جناب آج ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ شیخ صاحب یہاں بیٹھے ہیں ۔ اور ان ہی ریزولوشنوں کا جن وزارتوں سے تعلق ہے وہ تمام وزراء صاحبان نیشنل اسمبلی میں بیٹھے ہیں ۔ ٹھیک ہے ہم ان ریزولوشن کو ڈیفر کر دیتے ہیں ۔ جب وہ فارغ ہوں گے تو ہم لے لیں گے ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** نہیں سردار صاحب شیخ صاحب نے اس ریزولوشن کے سلسلے میں فرمایا تھا کہ متعلقہ وزیر صاحب کا بل نیشنل اسمبلی میں ہے ۔ کورم کا مسئلہ اس سلسلے میں نہیں تھا ۔ دوسری بات یہ کہ چونکہ ریزولوشن میاں عطاء اللہ صاحب کی منسٹری سے متعلق ہے اور وہ یہاں اسلام آباد میں موجود نہیں ہیں ، اسلام آباد سے باہر ہیں تو ان کی طرف سے request آئی ہے ۔ ہر صورت آپ کے جو جذبات ہیں مجھے ان سے اتفاق ہے کہ وزراء صاحبان کو کوشش کر کے یہاں ہاؤس میں آنا چاہیئے اور نہ صرف یہ کہ assurance دینی چاہیئے بلکہ گورنمنٹ کا جو نکتہ نظر ہے اس کی وضاحت بھی کرنی چاہیئے اور ساتھ ہی میں نے یہ کہا کہ

assurance بھی دینی چاہیئے تو آپ نے جب ان کی موجودگی میں اظہار خیال فرمایا ۔ آپ کی گفتگو سننے کے بعد وہ گورنمنٹ کا نکتۂ نظر آپ کے سامنے رکھیں ۔

**سردار محمد اسلم :** جناب میری گذارش کا مقصد یہ تھا کہ شیخ صاحب نے کسی بھی وزیر یا کسی بھی ڈویژن کی وزارت کی طرف سے جو request پیش کی ہے کہ ڈیفر کیا جائے اس بارے میں ، میں شیخ صاحب کی خدمت میں ان کے بحیثیت Deputy Leader of the House کے عرض چاہتا تھا کہ متعلقہ وزراء صاحبان کو اس ہاؤس کی اہمیت یا اس میں جو business ہو رہا ہے اس کے متعلق بتلائیں اور ان کو یہ کہیں کہ وہ اس ہاؤس میں تشریف لایا کریں اب جناب گذشتہ ایک ہفتے یا دس دن سے آپ نوٹ کر رہے ہیں کہ ۹۰ فیصد ڈویژن کے جوابات جو ہیں وہ صرف ملک محمد اختر صاحب دیتے رہے ہیں ۔ کوئی سوال بے معنی نہیں ہوتا اور اکثر سوالات اتنے اسپارٹنٹ ہوتے ہیں کہ جب سپلیمنٹری آتا ہے تو ملک اختر صاحب کہتے ہیں کہ میرے پاس اس کا بریف نہیں ہے تو جناب جوابات ڈیفر ہو جاتے ہیں تا کہ متعلقہ منسٹر آئیں ۔ آخر تین ، چار ، پانچ ، چھ دفعہ ڈیفر کرنے کے بعد ، اتنے دن ضائع کرنے کے بعد جواب آخر ملک صاحب نے ہی دیا ۔ تو یہ بہت بڑی زیادتی ہے اگر اس کو محسوس کیا جائے ۔ تو میں شیخ صاحب کی خدمت میں بحیثیت ان کے Deputy Leader of the House عرض کر رہا تھا کہ کیونکہ پارلیمانی سیکریٹری تو ہمارے پاس آ نہیں سکتے ۔ وزراء صاحبان یا Ministers of Staff کی خدمت میں عرض کریں کہ جب سینیٹ کا سیشن ہوتا ہے ، اس وقت حتی الامکان کوشش کی جائے کہ وہ اپنے آپ کو یہاں ہاؤس میں موجود رکھیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرا خیال ہے کہ اب آئیندہ وزراء صاحب کوشش کریں گے ۔ اور احتیاط کریں گے ۔ اس سلسلے میں خاصی وضاحت ہو گئی ہے ۔ اور آپ کے جذبات کا اظہار بھی ہو گیا اور وہ جذبات ان تک پہنچ بھی جائیں گے اور وہ کوشش کریں گے کہ جب اسلام آباد میں موجود ہوں ۔ کسی سرکاری کام کے سلسلے میں باہر نہ ہوں ۔ تو وہ ہاؤس میں آئیں ۔ پہلے بھی وہ آتے رہے ہیں ۔ اب ایک ہفتے ، دو ہفتے سے ایسی صورت پیدا ہو گئی تھی میرے خیال میں آئیندہ یہ صورت repeat نہیں ہو گی تو اگلا ریزولوشن نمبر ٦ ۔

---

## RESOLUTION RE : COMMISSION TO STUDY FEASIBILITY OF UTILIZATION OF RUN-OFF WATER IN PLAINS AND VALLEYS

**Mr. Farooq Ahmad Khan** : Mr. Chairman, I beg to move the following resolution :

> "The Senate is of the opinion that the Government do constitute a Commission to study on a country-wide basis the feasibility of scientific and efficient utilization of run-off water in the plains and valleys adjoining the hilly areas of the provinces and the tribal areas for increasing pro duction and improving living standards in these areas."

**Mr. Presiding Officer** : The resolution moved is :

> "The Senate is of the opinion that the Government do constitute a Commission to study on a country-wide basis the feasibility of scientific and efficient utilization of run-off water in the plains and valleys adjoining the hilly areas of the provinces and the tribal areas for increasing production and improving living standards in these areas."

**Shaikh Mohammad Rashid** : Sir, there is the same position with regard to this resolution because, I think, this also concerns the Minister for Fuel, Power and Natural Resources or the Ministry of Tribal Areas. As I have earlier submitted that the Minister is busy and his Bill is going to be discussed in the National Assembly, therefore, I would make the same request in regard to this resolution also.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** لغاری صاحب یہ ڈیفر کر دیتے ہیں کیونکہ آپ کا یہ ریزولوشن بہت اہم ہے تا کہ متعلقہ وزیر صاحب کی موجودگی میں اس پر دوست اظہار خیال فرمائیں -

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** بالکل جناب ہم یہی چاہیں گے اور ہم یہ بھی اصرار کریں گے کہ اگلی دفعہ متعلقہ وزیر صاحب یہاں تشریف رکھیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** بالکل میں بھی اس سلسلے میں آپ کا ہمنوا ہوں - تو یہ ریزولوشن بھی ڈیفر کیا جاتا ہے -

Next resolution No. 7.

---

## RESOLUTION RE : EXTENSIVE STUDY TO DETERMINE RELATIVE BACKWARDNESS OF EACH DISTRICT FOR REMOVAL OF DISPARITIES

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari** : Mr. Chairman, I beg to move the following resolution :

> "The Senate is of the opinion that the Government in collaboration with provincial governments do undertake an extensive study, preferably through a commission of experts, and determine the relative backwardness of each district in the country on the basis of specific criteria so that legislators and development planners may be enabled to work out plans for the removal of economic and social disparities on a scientific and rational basis."

**Mr. Presiding Officer (Mr. Ahmed Waheed Akhtar)** : The Resolution moved is :

> "The Senate is of the opinion that the Government in collaboration with provincial governments do undertake

an extensive study, preferably through a commission of experts, and determine the relative backwardness of each district in the country on the basis of specific criteria so that legislators and development planners may be enabled to work out plans for the removal of economic and social disparities on a scientific and rational basis."

**Shaikh Mohammad Rashid** : This concerns the Ministry of Agriculture, and I am very much prepared on this, but if our august House or the honourable Members are kind enough to allow me to go there then I will go, otherwise I am here to discuss the matter.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** آج جمعہ بھی ہے اور کوئی سوا بارہ بج چکے ہیں - ساڑے بارہ تک دوست جمعہ کی نماز کے لیے جانا چاہیں گے اور یہ اتنا اہم ریزولوشن ہے کہ آپ بھی اس پر اچھی خاصی گفتگو فرمانا چاہیں گے اور باقی دوست بھی کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ریزولوشن پورے پاکستان سے تعلق رکھتا ہے تو دوست اس پر بحث کرنا چاہیں گے - تو کیا خیال ہے اگر ہم اس کو کسی آئیندہ سٹنگ پر رکھ دیں ؟

**جناب فاروق احمد خان لغاری :** کیوں نہیں ؟ جناب شیخ صاحب ہمارے بڑے مہربان ہیں انہوں نے request کی ہے ضرور رکھ دیں -

**شیخ محمد رشید :** میں تو کہتا ہوں میں یہاں ہوں - بحث کر لیں -

**Mr. Afzal Khan Khoso** : One submission, Sir. It is understood that 11th December will be the last Friday for the current session, hence I would request Sheikh Sahib to adjust the sittings of the National Assembly in such a way that we can take up all these resolutions because in case the resolutions are not taken up they might lapse.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** شیخ صاحب ان کا فرمانا یہ ہے کہ چونکہ ممکن ہے - گیارہ کے بعد ہاؤس ایڈ جرن کر جائے کیونکہ عید کا سلسلہ بھی ہے - اور اس کے علاوہ پتہ نہیں کسی حد تک بزنس ہو ، کیا صورت ہو تو اگر آئیندہ جمعہ پر وزیر متعلقہ تشریف لے آئیں تو ان میں جو ریزولوشن بھی ہم Fully discuss کر سکیں وہ مکمل ہو جائے -

**شیخ محمد رشید :** جناب میں ضرور کوشش کروں گا اور میں اسپیکر صاحب کی خدمت میں بھی عرض کروں گا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اگر اس طرح adjustments ہو جائے جس طرح کہ میں نے عرض کی تھی کہ ایک سیشن جمعہ سے پہلے اور ایک سیشن جمعہ کے بعد ہوتو پھر تو Feasible ہے -

You kindly, Sir, will appreciate the difficulties of the Ministers also.

So any Ministers are involved—Minister for the Education, Minister for Fuel, Power and Natural Resources and also the Minister for Agriculture.

سردار محمد اسلم : شیخ صاحب اگر ایک یا دو منسٹر صاحبان یہاں تشریف لے آتے تو کم از کم ان میں سے ایک یا دو ریزولوشنز تو مکمل ہو جاتے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میری گذارش یہ ہے کہ اگر صرف وزیر تعلیم یہاں موجود ہوتے تو ایک ریزولوشن پر تو بحث مکمل ہو جاتی ۔ اگر ایک منسٹر بھی پورا ٹائم دیتا تو ہم اس ریزولوشن پر complete discussion کر لیتے اور اس کو ہم ختم کر دیتے ۔

شیخ محمد رشید : ٹھیک ہے ہم کوشش کریں گے کہ اس طریقے سے کوئی adjustment ہو جائے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : یہ definitely نہیں کہا جا سکتا کہ کتنا بزنس ہے میرا خیال ہے کہ اگلے جمعہ تک سیشن چلے گا ۔

شیخ محمد رشید : جناب ! اگر آپ اجازت دیں تو ۵ منٹ لوں گا ۔

I am very much prepared and I will be able to satisfy my friends because their demand is that a Commission should be set up and the Commission has already been set up.

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ٹائم کا بھی مسئلہ ہے۔ ابھی آپ نیشنل اسمبلی جائیں گے اور پھر واپس آئیں گے تو میرے خیال میں ٹائم ختم ہو جائے گا ۔ اس لیے اسے next جمعہ کو کر لیں گے ۔ میرے خیال میں اب کوئی بزنس نہیں ہے ۔

قاضی فیض الحق : جناب والا !

جناب صدارت کنندہ آفیسر : آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

قاضی فیض الحق : آپ ہمیں یقین دہانی کرائیں کہ وزراء صاحبان اگلے فرائیڈے کو موجود ہوں گے تا کہ یہ ریزولوشن دوبارہ ڈیفر نہ کرنا پڑیں ۔ ہمارا تجربہ تو یہی ہے جناب قمرالزمان نے ریزولوشن موو کیا تو متعلقہ وزیر صاحب موجود تھے وہ خطاب کر کے چلے گئے ۔ ان کی غیر موجودگی میں بحث ہوتی رہی اور پھر اسے ڈیفر کرنا پڑا کہ اگلے فرائیڈے کو وہ ضرور آئیں گے لیکن وہ پھر نہیں آئے تو کیا آپ یقین دہانی کراتے ہیں کہ اگلے جمعہ کو یہ ریزولوشن ڈیفر نہیں ہوں گے اور متعلقہ وزراء صاحبان موجود ہوں گے ؟

جناب صدارت کنندہ آفیسر : اگر آپ اگلے جمعہ تک یہاں ہوئے تو یہ ریزولوشن بھی آئے گا ۔ اس میں آپ دیکھ لیں کہ اگر آپ اگلے جمعہ تک یہاں ٹھہرنا پسند کریں گے تو وہ ضرور آئیں گے ۔ اگلا جمعہ ۱۲ تاریخ کو آ رہا ہے ۔ اس صورت میں دیکھیں گے کہ ۱۲ کو اجلاس ہو گا کہ نہیں کیونکہ ۱۴ تاریخ کو عید آ رہی ہے

اس لیے معزز ممبران کو اپنے گھروں کو بھی جانا ہے ۔ آپ اس میں دیکھ لیں ۔ فیصلہ کر لیں کہ ۱۲ تاریخ کو سیشن ممکن ہے یا نہیں ۔

**جناب مسعود احمد خان :** جناب والا ! میری گذارش کہ ایک کمیٹی بنائی گئی ہے جس کا اجلاس ۱۲ تاریخ کو صبح ۱۰ بجے ہونا ہے ۔ اس لیے میرے خیال میں جمعہ کی صبح کو کوئی سیشن نہیں ہو سکے گا ۔ اس کے بعد کا پرائیویٹ ممبر ڈے ۱۹ تاریخ کو آ رہا ہے ۔ اگر ۱۲ کو سیشن نہ ہوا تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں پرائیویٹ بزنس کے لیے کوئی ٹائم نہیں مل سکے گا ۔ اس سے اگلا جو جمعہ آئے گا وہ ۲۶ کو آئے گا اور ۲۵ تاریخ کو پھر چھٹی ہے اور اس سے پہلے آپ سیشن بھی ختم کرنا چاہیں گے ۔ اس طرح جو پرائیویٹ بزنس ہے اسے ڈیفر کرنا پڑے گا ۔ اس لیے میری گذارش ہے کہ کہ ۱۲ تاریخ کی شام کو رکھ لیں ورنہ اس سال کے اختتام پر یہ ریزولوشن ختم ہو جائیں گے اور پھر نہیں آ سکیں گے ۔

It is upto the Members.

**Mr. Kamal Azfar :** Sir, my submission is that is it not possible that a special day except Friday could be fixed with the consent of the Leader of the House to discuss these resolution ? Rule 22 says :

> "On Fridays private members' business shall have precedence, and on all other days no business other than Government business shall be transacted except with the consent of the Leader of the House."

So, if it is possible this can be examined by the Secretariat and with the consent of the Leader of the House some other day can be fixed. This can be done after the Session.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** کمال صاحب، لیڈر آف دی ہاؤس سے بات کر لیں گے بہر صورت آپ کے جذبات کا مجھے بھی پاس ہے اور وزراء صاحبان کو بھی ۔ بہر حال ہم کوئی نہ کوئی ایسی adjustment کر لیں گے کہ اس سال کے اختتام سے پہلے ایک پرائیویٹ ممبر ڈے آپ کو مل جائے خواہ وہ کوئی بھی دن ہو تاکہ تمام ریزولوشنوں پر اظہار خیال فرمایا جا سکے ۔ ایسی کوئی نہ کوئی صورت ہم نکال لیں گے لیڈر آف دی ہاؤس سے بات کر لیں گے ۔ انشاء اللہ ایسی صورت نکال لیں گے کہ ان ریزولوشن پر سیر حاصل گفتگو ہو سکے ۔ اب ہاؤس کو ایڈجرن کرنے کا مسئلہ ہے ہفتہ ، اتوار ، کو چھٹی ہے اس لیے ہم سوموار کی شام کو ۴ بجے ملیں گے ۔

**آوازیں :** ساڑھے پانچ بجے کر لیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرا خیال ہے کہ ۴ بجے ملیں گے اس کے بعد بریک کر لیں گے ۔ ہاؤس کی کیا رائے ہے ؟

**آوازیں :** ساڑھے پانچ بجے ٹھیک ہے ۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : میں اس لیے کہہ رہا تھا کہ وزراء صاحبان بھی آ جائیں گے -

سردار محمد اسلم : خدا نے خیر کی تو وزراء صاحبان بھی آ جائیں گے -

جناب صدارت کنندہ آفیسر : ٹھیک ہے اگر آپ کی یہی مرضی ہے -

So, the House stands adjourned to meet again on Monday at 5.30 p.m.

---

*The House adjourned to meet again at half-past five of the clock in the evening on Monday, December 8, 1975.*

---